مضمون نگاری

اظہارِ مطلب کے دو ہی طریقے ہیں: ایک تقریر، دوسرا تحریر۔ تقریر کا تعلق زبان سے ہے اور تحریر کا قلم سے۔ دونوں صورتوں میں بیان کا مربوط ہونا ضروری ہے۔ اگر بیان مربوط ہو تو تحسین کے لائق ہے وگرنہ نفرین کا سزاوار۔ اس لیے جو مضمون بیان کرنا یا لکھنا ہو، اسے سوچیے، مواد کو وسعت دیجیے اور ایک مؤثر ترتیب سے مرتب کیجیے۔

جب مضمون کا مواد جمع اور مربوط ہو جائے تو اسے مختصر سی تمہید کے ساتھ زیبِ قرطاس کیجیے۔ زبان کو روزمرہ اور محاورے کی چاشنی سے آراستہ کیجیے اور خدا کا نام لے کر لکھتے جایئے۔ قرآنی آیات، احادیث، قول اقوال اور برمحل و موزوں اشعار بھی مضمون کے حسن کو بڑھا دیتے ہیں، مگر ان کی شمولیت آٹے میں نمک کے برابر ہو۔

مضمون کو نہایت درجہ خوش خط لکھیے تاکہ آسانی سے درست طور پر پڑھا اور سمجھا جا سکے۔ مضمون کو مکمل کر لینے کے بعد ایک دفعہ ضرور پڑھیے تاکہ وہ الفاظ جو لکھنے میں چھوٹ گئے ہوں، دوبارہ لکھے جا سکیں۔ املا کی غلطیاں بھی درست کی جا سکیں اور وہ خیالات جو لکھنے سے رہ گئے ہیں اور پڑھتے ہوئے یاد آئے ہیں، انھیں بھی تحریر کیا جا سکے۔

اقسام: ہر مضمون زندگی کے کسی نہ کسی شعبے سے متعلق ہوتا ہے۔ اس لحاظ سے مضمون کو درج ذیل اقسام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:

ادبی : ایسے مضامین جو ادب سے متعلق ہوں مثلاً: کسی ادبی مجلس کی کارکردگی، شعرا کے لطائف۔ شعروسخن وغیرہ

اخلاقی : ایسے مضامین جو اخلاق سے متعلق ہوں جیسے: انصاف، صلۂ رحمی، سچائی کا بول بالا، نیکی اور پارسائی وغیرہ

معاشرتی: ایسے مضامین جو معاشرت سے متعلق ہوں مثلاً: اتّفاق و اتحاد، گداگری، جہیز ایک لعنت ہے، رسوم و روایات، اطاعتِ والدین، تعلیمِ نِسواں، حُبِ وطن، یومِ آزادی، محنت کی برکات، پابندیِ وقت، خوشامد، اپنی مدد آپ، تمباکو نوشی کے نقصانات، برسات کا موسم، سیلاب اور زلزلے کی تباہ کاریاں وغیرہ

سوانحی : ایسے مضامین جو کسی شخصیت کے احوال سے متعلق ہوں جیسے: سر سیّد احمد خاں، علامہ اقبالؒ، قائدِ اعظمؒ، مادرِ ملّت فاطمہ جناحؒ، لیاقت علی خاں، مولانا الطاف حسین حالی، مولانا ظفر علی خاں وغیرہ

سیاسی : ایسے مضامین جن کا تعلق سیاست سے ہو جیسے: جمہوریت، آمریت اور مسئلۂ کشمیر وغیرہ

سائنسی : ایسے مضامین جو سائنس سے متعلق ہوں جیسے: انفارمیشن ٹیکنالوجی، ٹیکنیکل ایجوکیشن، ٹیلی وژن، موبائل فون، کمپیوٹر دورِ حاضر کی ضرورت اور سائنس کے کرشمے وغیرہ

تاریخی : ایسے مضامین جن کا تاریخ سے تعلق ہو جیسے: ۱۹۶۵ء کی پاک بھارت جنگ، تحریکِ آزادی وغیرہ

جغرافیائی: وہ مضامین جو زمیں اور اہلِ زمیں کے حالات سے متعلق ہوں جیسے: جاپان کے لوگ، آتش فشاں پہاڑ، سیم اور تھور، زلزلے اور سیلاب کی تباہ کاریاں وغیرہ